کے بعد پوئی علاقہ کے علماء کرام پر بہت اثر تھا۔ نہ یہ حق کا یہ عالم کہ مولانا شمس الدین شہید کی وفات کے موقعہ پر ڈھائی سو میل سنگلاخ پہاڑوں میں ٹانچی پر بیٹھ کر سفر کر کے تعزیت کی اور فرمایا کہ گاڑی سے باندھ کر کھینچے بھی تو تب بھی شہید کی تعزیت کے لئے جاؤں گا۔

ایک صالحہ خاتون علامہ خالد محمود حال انگلینڈ اور جناب احسان قریشی صابری سیالکوٹ کی والدہ ماجدہ کا انتقال بعمر ۷۲ سال سیالکوٹ میں ہوا، مرحومہ ایک زاہدہ، عابدہ اور مخیر خاتون تھیں۔ مرحومہ کے شوہر پیر محمد غنی قریشی قادری لاہور میں شیخ وقت مولانا احمد علی لاہوری ؒ کے جوار میں مدفون ہیں۔ حق تعالیٰ مرحومہ کو کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے۔

مولانا عبدالرحمان کاملپوری ؒ کے برادر اکبر اپنے وقت کے شیخ اور علامہ یگانہ شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان کاملپوری مظاہری ؒ کے برادر اکبر جناب حاجی محمد زمان مرحوم کا انتقال بروز اتوار ۲۴ نومبر ۱۹۷۴ء اپنے گاؤں بہبودی ضلع کیمبلپور میں ہوا۔ علماء اور نیک مسلمانوں نے جنازہ میں شرکت کی۔

مدیر معارف اعظم گڑھ روزنامہ الجمعیۃ دہلی کی اطلاع ہے۔ برصغیر کے ممتاز اور قدیم علمی ماہنامہ معارف اعظم گڑھ کے مدیر شہیر مولانا معین الدین ندوی کا انتقال ہو گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

ہفت روزہ

المنبر

لائلپور

رئیس التحریر مولانا عبدالرحیم اشرف

زرسالانہ

۲۵ روپے

ششماہی

۱۳ روپے

فی پرچہ

۶۰ پیسے

امتیازی خصوصیات

★ امت محمدیہ کو پھر سے ایک اکائی بنانے کی جدوجہد۔
★ اتحاد عالم اسلامی اور اسلامی دولت مشترکہ کے قیام کا نقیب۔
★ خلافت راشدہ کی نہج پر نظام مملکت کے قیام کا علمبردار۔
★ مسلمان کو قرآن و سنت کا تابع فرمان بنانے کا عزم صمیم لئے ہوئے۔
★ ہر اس قوت کے خلاف تیغ بے نیام جو اسلام اور امت مسلمہ سے برسرپیکار ہو، بالخصوص قادیانیت، مغربی الحاد اور سوشلسٹ تہذیب و نظریات پر ضرب گراں۔
★ حزب اقتدار و اختلاف کا یکساں محاسب و ناقد۔

المنبر کا مطالعہ آپ کے صحیح فکر کو جلا بخشے گا اور قلب و ذہن میں انوار قرآن و سنت کی شمع جلائے گا۔

ہفت روزہ المنبر جناح کالونی، لائلپور